# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
## كليه عربی وعلوم اسلامیه
## شعبہ قرآن و تفسیر

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: علم تفسیر اور اس کا ارتقاء(ا)(4615) سمسٹر: خزاں2026ء

سطح: ایم اے علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

### ہدایت نامہ برائے طلباء

### ایم اے علوم اسلامیہ(ODLموڈ)

**عزیز طلبہ! السلام علیکم**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین(scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## مشق نمبر1

(یونٹ نمبر:1تا 5 )

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔ تفسیر القرآن بالقرآن کی صورتین بیان کیجئے اور ہر ایک صورت کی توضیح مثالوں سے کیجئے۔ (20)

سوال نمبر2۔ تفسیر کا معنی و مفہوم بیان کرتے ہوئے معروف اقسام لکھیں نیز تفسیر بالرائے کے جواز و عدم جواز میں علماء میں جو اختلاف واقع ہوا ہے اس کی حقیقت بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر3۔ فقہ کا مفہوم بیان کیجئے اور فقہی تفسیر کی ضرورت واہمیت پر روشنی ڈالیے نیز بتایئے کہ مسالک اربعہ کے ظہور کے وقت اور ظہور تقلید کے بعد فقہی تفسیر کی حالت کیسی تھی؟ (20)

سوال نمبر4۔ لفظ تصوف کی اصل بتائیے، تصوف کے مفہوم تصوف اور صوفی تفسیر کی اقسام بالتفصیل تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر5۔ چار کثیر الروایت صحابہ رضی اللہ عنہم کا مختصر تذکرہ کریں اور تفسیر صحابہ رضی اللہ عنہم کی اہمیت بیان کیجئے۔ (20)

## مشق نمبر2

(یونٹ نمبر:6 تا 9 )

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔ تفسیر قرآن کے سلسلے میں مشکلات سے نمٹنے کے لیے تابعین حضرات نے جو اسلوب اختیار کیا، اسے نکات کی صورت میں تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر2۔ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کا تعارف کراتے ہوئے ان کی قرآنی بصیرت بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر3۔ امام ابو محمد حسن عسکریؒ اور ان کی تفسیر کا جامع تعارف کرایئے۔ (20)

سوال نمبر4۔ امام رازیؒ کے حالات زندگی اور ان کی تفسیر ''مفاتیح الغیب'' کا تعارف کرایئے اور اس کی خصوصیات بھی بیان کر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر5۔ امام ابن العربی کا تعارف ( حالات زندگی ، علمی مقام و مرتبہ ) کرایئے اور ان کی تفسیر احکام القرآن لابن عربی کی خصوصیات اور اسلوب تحریر کیجئے۔ (20)